# بلا سود بینکاری کا ادارہ

# نافع ار بن کو آپریٹو کریڈٹ سوسائٹی لمیٹڈ

ہمارے ہاں قومی حلقوں میں یہ بات تسلسل کے ساتھ دہرائی جا رہی ہے کہ بلا سود بینکاری کا کوئی نظام قابل عمل نہیں ہے' حالانکہ اسلامی نظریاتی کونسل نے دس سال قبل بلا سود بینکاری کا نظام حکومت کے سامنے مرتب صورت میں پیش کر دیا تھا' مگر اس کی اشاعت پر پابندی ہے اور حکمران طبقے بلا سود بینکاری کے ناقابل عمل ہونے کا مسلسل دعویٰ کیے جا رہے ہیں۔

ورلڈ اسلامک فورم کے ڈپٹی چیئرمین اور اسلامک کمپیوٹنگ سنٹر لندن کے ڈائریکٹر مولانا مفتی برکت اللہ (فاضل دیوبند) نے ہمیں ایک مالیاتی ادارے کا تعارف بھجوایا ہے جو بھیونڈی (انڈیا) میں خود ان کی زیر نگرانی کامیابی کے ساتھ بلا سود بینکاری کا کام کر رہا ہے۔ یہ تعارف قارئین کی خدمت میں پیش ہے۔

انڈیا میں بلا سود بینکاری کی بنیاد پر کام کرنے والے ایک اور مالیاتی ادارہ "بیت النصر سوسائٹی" کا تعارف اور دنیا کے مختلف ممالک میں بلا سود بینکاری کا کام کرنے والے ۲۲ مالیاتی اداروں کی فہرست الشریعہ کے اگلے شمارہ میں پیش کی جائے گی' ان شاء اللہ تعالیٰ۔

(ادارہ)

## مختصر تعارف اور طریقہ کار

نافع ار بن کو آپریٹو کریڈٹ سوسائٹی کا قیام مہاراشٹر کو آپریٹو سوسائٹیز ایکٹ 1960ء

کے تحت عمل میں آیا ہے۔ اس سوسائٹی کے قیام کا مقصد ہندوستان میں غیر سودی بینک کاری کے لیے نئی راہیں دریافت کرنا' سود کے لین دین کو چھوڑ کر مکمل طور پر غیر سودی بینک کاری کے خطوط پر کام کرنا' صاف اور پاکیزہ ماحول میں کم لاگت والے رہائشی مکانات کی تعمیر کرنا' مسلمانوں میں سرمایہ کاری کا رجحان پیدا کر کے ان کے قیمتی سرمایے کو محفوظ کرنا اور انھیں مالی فائدہ پہنچانا' نیز حلال آمدنی کے ذرائع تلاش کرنا ہے۔

## نافع کے ممبر کیسے بنیں؟

ہر اس شخص کے لیے جو سوسائٹی میں اپنی رقم جمع کرانا' قرض لینا' ضمانت دینا چاہتا ہے' سوسائٹی کا ممبر ہونا لازمی ہے۔ ممبر بننے کے لیے کم از کم دس روپے کے تین شیئرز (حصص) خریدنا ضروری ہے' اور ایک روپیہ داخلہ فیس بھی دینا پڑتی ہے۔ اگر ممبر چاہے تو دو سال بعد اپنی ممبر شپ ختم کر کے شیئر کی رقم واپس حاصل کر سکتا ہے۔

سوسائٹی کے دفتر میں مندرجہ ذیل ڈپازٹ اسکیموں کی سہولت حاصل کر سکتے ہیں۔ مزید تفصیلات آپ سوسائٹی سے معلوم کر سکتے ہیں۔

## اسپاٹ ڈپازٹ (Spot Deposit)

یہ روزانہ ڈپازٹ کی اسکیم ہے۔ یہ بینکوں میں کرنٹ اکاؤنٹ (Current A/C) کے مشابہ (قسم کا) کھاتہ ہے۔ البتہ اس میں آپ گھر بیٹھے بچت کر سکتے ہیں۔ اس اسکیم کا طریقہ کار یہ ہے کہ آپ یہ اکاؤنٹ پانچ روپے سے کھول سکتے ہیں' اور جب جتنی رقم چاہیں جمع اور نکال سکتے ہیں۔ اکاؤنٹ کھولنے کے ایک ماہ بعد تک آپ اس اکاؤنٹ سے پیسے نہیں نکال سکتے اور تین ماہ بعد سے آپ کو اس اکاؤنٹ میں کم از کم سو روپے جمع رکھنا ضروری ہے' ورنہ نصف فیصد سروس چارج لیا جائے گا۔ اس اکاؤنٹ کے لیے سوسائٹی کی جانب سے یہ سہولت ہے کہ ہمارا مقرر کردہ کلکٹر آپ کے مکان' دوکان یا آفس میں آکر رقم وصول کرتا ہے۔

## سیونگ ڈپازٹ (Saving Deposit)

آپ یہ اکاؤنٹ کم از کم پانچ روپے سے کھول سکتے ہیں اور جتنی رقم چاہیں جمع کر سکتے ہیں اور جب چاہیں واپس لے سکتے ہیں۔ اس میں کلکٹر کی سہولت نہیں ہے۔

## ریکرنگ ڈپازٹ (Recurring Deposit)

اس ڈپازٹ کی رقم کم از کم پچیس روپے ماہانہ اور مدت دو سال ہے۔ مدت ختم ہونے سے قبل ضرورت پڑنے پر چند روز قبل آفس میں اطلاع دے کر رقم واپس لی جا سکتی ہے۔ سوسائٹی کا مقررہ کلکٹر ہر ماہ آپ کے مکان، دکان یا آفس سے رقم وصول کرتا ہے۔

## فکسڈ ڈپازٹ (Fixed Deposit)

اس ڈپازٹ کی رقم کم از کم سو روپے اور مدت ایک سال ہے۔ مدت ختم ہونے سے قبل بوقت ضرورت چند روز پیشتر دفتر میں اطلاع دے کر رقم واپس لی جا سکتی ہے۔

## قرضہ جات کے لیے شرائط

سوسائٹی سے قرض حاصل کرنے کے لیے قرض خواہ کو مندرجہ ذیل شرائط پورا کرنا ضروری ہے:

(الف) سوسائٹی کے رجسٹرڈ ممبران ہی قرض کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

(ب) سوسائٹی کے ان ممبران کو جن کا کھاتہ سوسائٹی کے پاس کم از کم ایک سال سے باقاعدہ جاری رہا ہو، زیادہ سے زیادہ پچاس ہزار روپے قرض دیا جا سکتا ہے۔

(ج) نئے ممبران ممبر شپ حاصل کرنے کے تین ماہ بعد ہی قرض کے لیے

درخواست دے سکتے ہیں۔ شروع میں انہیں فی کس زیادہ سے زیادہ بیس ہزار روپے قرض دیا جاسکتا ہے۔

(د) قرض کی مطلوبہ رقم کے مطابق مندرجہ ذیل چار چیزوں کی ضمانت قبول ہوگی: (1) سونے کے زیورات (مالیت) کی %75 رقم بطور قرض حاصل ہوگی۔ (2) سوسائٹی کے کھاتہ داروں کی ضمانت' یہ ضمانت کھاتے میں جمع شدہ رقم کی % 80 سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے' (یہاں یہ بات دھیان میں رکھی جائے کہ ضامن حضرات اپنے کھاتے سے ضمانت شدہ رقم اس وقت تک نہیں نکال سکتے جب تک کہ قرض کی پوری رقم ادا نہیں کی جاتی)۔ (3) ان پبلک لیمٹڈ کمپنیوں کے اکویٹی شیئرز (حصص) پہ جو کہ Bombay Stock Exchange کے تحت رجسٹرڈ ہوں۔ ایسے شیئرز کی موجودہ قدر Value % 50 قرض دیا جاسکتا ہے۔ (4) اسکوٹر' موٹر سائیکل' آٹو رکشا اور ٹیکسی کے رہن پر جو کہ تھانہ P.T.O میں رجسٹرڈ ہوں اور پانچ سال سے زیادہ پرانی نہ ہوں' قرض دیا جائے گا۔ البتہ مندرجہ بالا قسم کا قرض (الف) اسکوٹر اور موٹر سائیکل کے رہن پر بارہ ہزار روپے یا ان کی موجودہ قدر کے % 60 ان میں سے جو بھی کم ہو دیا جائے گا۔ (ب) آٹو رکشا اور ٹیکسی کے لیے پچیس ہزار روپے یا ان کی موجودہ قدر کے % 60' ان میں سے جو بھی کم ہو دیا جائے گا۔ (ج) دکان کے مال کے ذخیرے پر %50۔

## ہماری مزید خدمات

(الف) **اجارہ** : کرایہ پر دینا۔ (ب) **مرابحہ** : باہمی رضا مندی کا سودا۔(ج) **مضاربت** : نفع و نقصان میں شرکت کی بنیاد پر تجارتی سرمایہ کاری۔(د) **مشارکت** : حصہ داری (پارٹنر شپ) کی بنیاد پر تجارت میں سرمایہ کی فراہمی۔(ھ) **قرض حسنہ** : قرضہ مربوط ڈپازٹ اسکیم۔ اس کے تحت بلا سودی قرض۔(و) **آشیانہ** : گھر کی تعمیر کے لیے سرمایہ کی فراہمی۔(ز) **حج ڈپازٹ** : حج و عمرہ کے لیے بچت اسکیم۔ (ح) : سرمایہ کاری کے لیے مشاورت۔(ط) صنعت کاروں' تاجروں اور نادار ماہروں (Professionals) کی مالی امداد۔(ی) **رہائشی منصوبے** : روشن مستقبل کی توقع پر ان شاء اللہ سوسائٹی اونر

شپ کے فلیٹ تعمیر کرے گی جس میں قرضہ جات کی سہولیات ہوں گی۔ اس سلسلے میں بمبئی کا مشہور ادارہ بیت النصر ہمارے لیے مشعل راہ ہوگا۔

○ قرضہ جات پر معمولی سروس چارج لیا جاتا ہے' جس کی مدد سے سوسائٹی کے اخراجات پورے کیے جاتے ہیں۔


## خوشخبری

نئے اسلامی سال کے آغاز کے موقع پر
ادارہ اشاعت المعارف کی علمی و معلوماتی پیش کش

## خلافت راشدہ پاکٹ جنتری

جس میں اصحاب رسولؓ' خلفاء راشدینؓ' امہات المومنینؓ اور سپاہ صحابہ کے قائدین و شہدا کے بارے میں اہم معلومات شامل ہیں۔

نیز کیلنڈر' اسٹکر' کی رنگ' بیج اور علما و قرا حضرات کی اعلیٰ معیاری کیسٹوں کی ریکارڈنگ کے لیے عثمان اسلامک کیسٹ ہاؤس تشریف لائیں۔ پروپرائٹر: حافظ محمد صدیق

منجانب: ناظم ادارہ اشاعت المعارف ریلوے روڈ فیصل آباد فون: ۳۰۱۱۲۴